نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کے پودوں کے مرجھاؤ اور سرخ پن سے بچاؤ بارے ایڈوائزری جاری کر دی

لاہور:30جون2026: ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ ساہیوال، ملتان اور ڈی جی خان ڈویژنز کے بعض علاقوں میں اگیتی کپاس کے پتوں پر سرخ پن اور پودوں کا مرجھاؤ مشاہدہ میں آیا ہے۔ کاٹن ریڈ ننگ (Cotton Reddening) غذائی اجزاء میں عدم توازن، خصوصاً پوٹاش اور میگنیشیم کی کمی، کمزور جڑوں کے نظام اور مٹی کے مسائل کے باعث پیدا ہوتی ہے جبکہ اس کے برعکس، کپاس کا مرجھاؤ (Cotton Wilting) مٹی میں نمی کی انتہائی کمی یا زیادتی، بالخصوص موجودہ خشک سالی کے حالات کے باعث پیدا ہوتی ہے۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ کپاس کے کاشتکار اس سے بچاؤ کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے 100 لٹر پانی میں 500 گرام پوٹاشیم نائٹریٹ اور 350 گرام میگنیشیم سلفیٹ ملا کر فی ایکڑ سپرے کریں۔ اس کے علاوہ کپاس کی فصل کی واٹر سکاؤٹنگ کے بعد آبپاشی کریں۔ خاص طور پر کاشتکار پھل گڈی بننے کے موقع پر پانی کی کمی ہر گز نہ آنے دیں۔

(ترجمان محکمہ زراعت پنجاب)

☆☆☆☆